سوال

(251) کھانا کھانے سے پہلے کی دعا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کھانا کھاتے وقت بسم اللہ وعلیٰ برکۃ اللہ (مستدرک حاکم) پڑھنا۔ اس کی سند کیسی ہے؟ (ابو قتادۃ، بستی بلوچاں فردکہ ضلع سرگودھا)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ روایت المستدرک للحاکم (107/4 ح 7084) میں موجود ہے اسے حاکم اور ذہبی دونوں نے صحیح کہا ہے لیکن اس کا راوی ابو مجاہد عبداللہ بن کیسان المروزی جمہور محدثین کے نزدیک ضعیف ہے لہذا یہ روایت ضعیف ہے (الحدیث: 20)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد 1۔ کتاب الصلاۃ۔ صفحہ 478

محدث فتویٰ